نقش حروف شمس۔ تحفہ بمناسبت اوج شمس

ڈاکٹر سائر واسطی شاہ جمالی

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔۔

- چونکہ میں کوئی عالم یا استاد تو ہوں نہیں۔ بس ایک طالب علم کی سی حیثیت ہے۔ اسی طرح تجلیات گروپ بھی کوئی مکتب مدرسہ یا سکول کالج تو ہے نہیں جہاں کوئی کچھ سیکھے یا سکھائے اس لئے اوج شمس کے حوالہ سے مفصل کچھ لکھنے سے بہتر ہے کہ مختصر طور پر کوئی عمل یا نقش پیش کردیا جائے جس سے سب خوش ہوجائیں اور کسی کو بحث و تمحیص کا بھی موقع نہ ملے۔ چنانچہ ذیل میں ایک نقش مثلث خالی البطن کا پیش کیا جاتا ہے یہ اسی ابجد سے وضع کیا گیا ہے جس پر مجھ سے غلطی بلکہ غلطیاں ہوئیں، اور یہ غلطیوں سے اشارہ اس بادی گروپ کے اعداد کی طرف نہیں ہے بلکہ کسی اور طرف ہے۔ اگر کوئی سمجھ جائے تو۔ خیر نقش یہ ہے۔

- یہ نقش حروف شمس سے متعلق ہے ان چار حروف کے اعداد 613 ہیں اس کی نقش وضع کیا گیا ہے۔ یہ حروف شمس کے چاروں عناصر سے تعلق رکھتے ہیں۔ جیسا کہ اس ابجد کی رو سے آپ میں سے بعض احباب ملاحظہ فرماچکے ہونگے کہ کس طرح مندرجہ بالا چار حروف شمس سے متعلق ہیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ ! یہ ابجد کشادگی کار کیلئے بہت ہی مجرب المجرب اور سریع الاثر ہوگی۔ اوران شاءاللہ تعالیٰ

اس سے کام لینے والے بعد از تجربات فقیر کی تحقیقات کی داد ضرور دیں گے اور سراہیں گے بھی کہ کسی نے کیا خوب حماقت کی تھی۔

- ★ صرف اتنا ہی کام ہے کہ مندرجہ بالا نقش شمس کی ساعت میں لکھ کر پاس رکھ لیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ! چند روز میں ہی اس کی خاص تاثیرات مشاہدہ میں آئیں گی۔ تجربہ کریں کچھ عرصہ میں فائدہ ظاہر نہ ہو تو چھوڑ دیجئے گا۔ نہ کوئی محنت ہے نہ خرچ ہے۔

- ★ کیونکہ جفر تو مجھے آتا ہی نہیں ہے بس اس کا نام آتا تھا اسی لئے ہر جگہ وہی نام لکھتا رہتا تھا اور اپنی اوٹ پٹانگ فرضی من گھڑت باتوں کو جفر کا نام دیتا رہتا تھا اب یہ حماقت بھی میں نے ختم کر دی ہے۔ شکر ہے کہ ہدایت جلدی مل گئی ہے۔

- ★ اوج شمس کا وقت اس سال 11 جولائی رات ایک بجے سے لیکر بارہ جولائی رات دو بجے تک رہے گا اس دوران شمس کی ساعت میں دن کے وقت نقش بنایا جائے گا۔ یہ پاکستانی اوقات ہیں۔ شکریہ

والسلام

سائر واسطی شاہ جمالی

روحانی روشنائی استعمال کریں۔ سفید کاغذ استعمال کر لیں۔ حروف والا خانہ آخر میں پر کرنا ہے یا

786

153	409	51
357	اح س ت	256
103	204	306

رفتار آتشی		
3	8	1
7		5
2	4	6